## حق پرست عوام گلگت بلتستان کے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو اپنا ووٹ دیکر کامیاب بنائیں، الطاف حسین

## سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہونے والے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل میں ہرگز مخلص نہیں ہوسکتے

## ایم کیوایم، ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، کرپٹ سیاسی کلچر اور موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے

## ایم کیوایم گلگت بلتستان کے عوام کو نہ صرف انکے جائز حقوق دلائے گی بلکہ انکے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کا بھی خاتمہ کرے گی

## ایم کیوایم گلگت بلتستان کے عوام کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتی ہے اوران کے جائز حقوق کا آئینی وقانونی تحفظ بھی کرے گی

## انتخابی نتائج خواہ کچھ بھی ہوں انشاء اللہ بہت جلد متحدہ قومی موومنٹ، گلگت بلتستان کی سب سے بڑی جماعت ثابت ہوگی، ذمہ داران

## گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں انتخابی مہم میں مصروف ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔10، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے حق پرست عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اورحق پرست امیدواروں کے انتخابی نشان پتنگ پر اپنے اعتماد کی مہر لگائیں ۔منگل کے روز گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں انتخابی مہم میں مصروف ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست عوامی نمائندگان، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اورایم کیوایم گلگت بلتستان کے ذمہ داران وکارکنان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی ۔اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی انتخابی مہم کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندگی کررہی ہے ۔ایم کیوایم، ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، کرپٹ سیاسی کلچر اور موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اورایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ اورایماندار افراد کو سینیٹ، قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلی اور بلدیاتی ایوانوں بھیج کر ثابت کیا ہے کہ ایم کیوایم زبانی جمع خرچ نہیں کرتی بلکہ حقیقت پسندی اورعملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہونے والے پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے بنیادی مسائل کے حل میں ہرگز مخلص نہیں ہوسکتے ۔انہوں نے مزید کہا کہ قیام پاکستان کے بعد سے ہی پاکستان کے اقتدار پر جاگیردار، وڈیرے اور بے پناہ دولت رکھنے والے سرمایہ دار طبقہ سے تعلق رکھنے والے چند مخصوص خاندانوں کی اجارہ داری قائم ہے جو غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل کے بجائے اپنے اوراپنے خاندانی مفادات کا تحفظ کرتے رہے اور دونوں ہاتھوں سے قومی خزانہ لوٹتے رہے ہیں ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام، کرپٹ سیاسی کلچر اور موروثی سیاست کا خاتمہ کرکے ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب لانا چاہتی ہے اور جب تک ملک بھر کے غریب ومتوس طبقہ کے عوام حق پرستی کے پرچم تلے متحد ہوکر جدوجہد نہیں کریں گے پاکستان اوراسکے عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات نہیں دلائی جاسکے گی ۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو 62 برسوں سے ان کے جائز حقوق سے محروم رکھا گیا اورزندگی کے ہر شعبہ میں انہیں امتیازی سلوک کا نشانہ بنایا گیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان کے عوام کو نہ صرف انکے جائز حقوق دلائے گی بلکہ انکے ساتھ روا رکھے گئے غیر منصفانہ سلوک کا بھی خاتمہ کرے گی ۔ایم کیوایم گلگت بلتستان کے عوام کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتی ہے اوران کے جائز حقوق کا آئینی وقانونی تحفظ بھی کرے گی ۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور پیغام گلگت بلتستان اورآزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں پھیل چکا ہے اورملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوکر حق پرستی کی جدوجہد میں شامل ہورہے ہیں ۔انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب ملک سے ظلم وجبر کے نظام کا خاتمہ ہوگا، ملک میں سچی جمہوریت قائم ہوگی اورغریب ومتوسط طبقہ کے عوام کوان کے جائز حقوق حاصل ہونگے ۔جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے عوام اورکراچی میں مقیم گلگت بلتستان کی حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں بھرپور حصہ لیں، علی الصبح اٹھ کر اپنا حق رائے دہی لازمی استعمال کریں اورحق پرست امیدواروں کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اورحق پرست امیدواروں کے انتخابی نشان پتنگ پر اپنے اعتماد کی مہر لگائیں ۔بعدازاں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی جانب سے ایم کیوایم زبردست پذیرائی مل رہی اورایم کیوایم کا پیغام حق غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن رہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ انتخابی نتائج خواہ کچھ بھی ہوں انشاء اللہ بہت جلد متحدہ قومی موومنٹ، گلگت بلتستان کی سب سے بڑی جماعت ثابت ہوگی ۔

## اپنے کلمہ گو اور ہم وطن بھائیوں کو خاک وخون میں نہلانے والے طالبان دہشت گرد پاکستان، اسکے عوام، اسلام اور مسلمانوں کے کھلے دشمن ہیں۔الطاف حسین

## محبّ وطن عوام ملک کو درندہ صفت طالبان کی دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے مسلح افواج اور سیکوریٹی فورسز کا بھرپور ساتھ دیں

## طالبان دہشت گردوں نے صوبہ سرحد کے شہروں کو خاص طور پر نشانہ بنایا ہوا ہے

## ملک بھرا پنے اپنے علاقوں مشکوک افراد پر نظر رکھیں، ویجیلنس کمیٹیاں بنائیں اور چوکیداری سسٹم قائم کریں

## دہشت گردی کے واقعات پر صوبہ سرحد کے عوام اور صوبائی حکومت سے الطاف حسین کا مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار

لندن۔۔۔10،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے چارسدہ میں بم دھماکے کی پرزورالفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں درجنوں معصوم و بے گناہ شہریوں کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک دشمن طالبان دہشت گرد آئے دن ملک کے مختلف شہروں میں خودکش بم دھماکوں کے ذریعے پولیس اور سیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں اور عام معصوم و بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں۔طالبان دہشت گردوں نے صوبہ سرحد کے شہروں کو خاص طور پر نشانہ بنایا ہوا ہے اور یہ درندہ صفت طالبان دہشت گرد اسلام کے نام پر روزانہ پشاور اور دیگر شہروں کے معصوم و بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں، آج بھی چارسدہ کو نشانہ بنایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر اسلام کے نام پر اپنے گھناؤنے اور مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے اپنے کلمہ گو اور ہم وطن بھائیوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ پاکستان، اس کے عوام، دین اسلام اور مسلمانوں کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں اور یہ درندہ صفت طالبان دہشت گرد مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج، پولیس اور دیگر سیکوریٹی فورسز ملک کو دہشت گردی سے پاک کرنے کیلئے بھرپور کردار ادا کررہی ہیں اور ملک کو دہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں تاہم وقت کا تقاضا ہے کہ ملک بھر کے محبّ وطن عوام ملک کو درندہ صفت طالبان کی دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے مسلح افواج اور سیکوریٹی فورسز کا بھرپور ساتھ دیں۔انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں مشکوک افراد پر نظر رکھیں، ویجیلنس کمیٹیاں بنائیں اور اپنے اپنے علاقوں میں چوکیداری سسٹم قائم کریں۔جناب الطاف حسین نے چارسدہ میں دہشت گردی کے واقعہ میں درجنوں معصوم و بے گناہ شہریوں کی شہادت کے سانحہ پر صوبہ سرحد کے عوام اور صوبائی حکومت سے مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا اور بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم صوبہ سرحد کے کارکنان اور عوام سے اپیل کی کہ وہ بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی زندگیاں بچانے کیلئے خون کے عطیات دیں۔

## گلگت بلتستان پاکستان کا 5واں صوبہ بن کر رہیگا، حیدر عباس رضوی

## GBLA-6 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار کامل جان کی انتخابی مہم کے سلسلے میں منعقدہ بڑے اجتماع سے خطاب

ہنزہ۔۔۔10،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان پاکستان کا 5واں صوبہ بن کر رہیگا اور حق پرست امیدواران 12 نومبر کے انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرنے کے بعد گلگت بلتستان کے حقوق کا تحفظ کریں گے۔یہ بات انہوں نے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی حلقہ 6 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار کامل جان کی انتخابی مہم کے سلسلے میں علی آباد میں منعقدہ بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔حیدر عباس رضوی نے کہا کہ حق پرستی کے جس سفر کا آغاز کراچی سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں شروع ہوا تھا وہ آج گلگت بلتستان میں فروغ پاچکا ہے،گلگت بلتستان کے عوام نے ایم کیوایم کا خیر مقدم کیا اور اس کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو اپنایا ہے اور ایم کیوایم بھی اب گلگت بلتستان کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اصولی سیاست پر یقین رکھتے ہیں اور سیاست میں مفادات پر مبنی سودے کرنے کے بجائے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کا تحفظ چاہتے ہیں جس کا وہ کئی بار عملی اپنے خطابات اور بیانات کے ذریعے اظہار کرچکے ہیں۔حیدر عباس رضوی نے اجتماع کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرکے 12 نومبر کے انتخابات میں حق پرست امیدواران کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کرائیں اور گلگت بلتستان میں کے مستقبل کو سنوارنے اور مثبت اصلاحات کیلئے پتنگ کے نشان پر ہی مہر ثبت کریں۔

## گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے جنرل انتخابات کو مانیٹر کرنے کیلئے متحدہ نے مرکزی الیکشن کنٹرول روم قائم کردیا

## فاروق ستار، انیس احمد قائمخانی، شعیب بخاری، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون، شاکر علی نے کنٹرول روم کا دورہ کیا

## مرکزی الیکشن کنٹرول روم میں چوبیس گھنٹے انتخابی نتائج سے عوام کو آگاہی فراہم کی جاسکے گی

## گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے 24 حلقوں میں جمعرات 12 نومبر کو انتخابات ہونگے

کراچی۔۔۔10، نومبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے جنرل انتخابات کو مانیٹر کرنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں مرکزی الیکشن کنٹرول روم قائم کردیا ہے، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر محمد فاروق ستار، انیس احمد قائمخانی نے اراکین رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون، شاکر علی اور حق پرست منتخب نمائندوں کے ہمراہ مرکزی الیکشن کنٹرول روم کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے الیکشن سیل کے ارکان سے کنٹرول روم سے معلومات حاصل کیں اور ان پر اطمینان کا اظہار کیا۔ مرکزی الیکشن کنٹرول روم سے عوام گلگت بلتستان کے 19 حلقوں سے نامزد حق پرست امیدواروں کو ڈالے جانے والے ووٹوں کی تفصیلات سے با آسانی آگاہی حاصل کرسکتے ہیں جہاں انٹرنیٹ، ٹیلی فون، موبائل اور فیکس کی جدید سہولتیں معیا کردی گئیں ہیں جن کے ذریعے چوبیس گھنٹے الیکشن سیل کے ارکان گلگت بلتستان میں موجود ایم کیوایم کے مرکزی الیکشن سیل کے ارکان، صوبائی تنظیمی کمیٹی و ضلعی کمیٹی کے ارکان، اور نامزد حق پرست نمائندوں اور شعبہ جات کے ارکان سے رابطے میں رہیں گے اور لمحہ بہ لمحہ عوام کو گلگت بلتستان کے جنرل انتخابات میں حق پرست امیدواروں کے انتخابی نتائج سے آگاہ کرتے رہیں گے۔ واضح رہے کہ گلگت بلتستان میں کل 24 حلقوں پر نامزد امیدواروں کے درمیان جمعرات 12 نومبر 2009ء کو انتخابات ہونگے جن کی انتخابی مہم آج رات 12 بجے اختتام پذیر ہوجائے گی۔

## گلگت بلتستان انتخابات/متحدہ قومی موومنٹ/انتخابی و رابطہ مہم/زور و شور سے جاری رہنے کے بعد آج رات اختتام پذیر ہوجائے گی

گلگت بلتستان۔۔۔10، نومبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کی نشستوں پر نامزد متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران کی انتخابی عروج پر پہنچی ہوئی ہے اور آج رات 12 بجے ایم کیوایم کی عوامی اور رابطہ مہم زور و شور سے جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوجائے گی۔ انتخابی مہم کے سلسلے میں ایم کیوایم گلگت بلتستان کے ذمہ داران و کارکنان نے گلگت بلتستان کی چورنگیوں، عمارتوں، چوراہوں اور اہم شاہراہوں سمیت بلند و بالا پہاڑوں کو ایم کیوایم کے پرچموں، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر، انتخابی نشان پتنگوں کے ماڈل اور بینروں سے دلہن کی طرح سجایا ہوا ہے۔ حق پرست امیدواران نے انتخابی مہم کے سلسلے میں اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں سینکڑوں بڑی کارنر میٹنگوں اور اجتماعات سے خطاب کیا اور علاقائی سطح پر الیکشن دفاتر کے افتتاح کئے اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عمائدین، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سے رابطے کئے۔ انتخابی مہم کے سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان نے پرچموں، بینروں اور انتخابی نشان پتنگ کے ماڈلوں کی تیاری از خود کی اور انہیں مختلف جگہوں پر آویزاں کیا۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران و کارکنان کا جوش و خروش قابل دید تھا۔ اس دوران مختلف علاقوں میں صفائی مہم کا انعقاد بھی کیا جن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست نامزد امیدواران نے بھرپور حصہ لیا اور اپنے ہاتھوں سے جھاڑو لگا کر صفائی مہم کا آغاز کیا جبکہ حق پرست امیدواروں کے حق میں آزاد اور سیاسی طور پر نامزد امیدواروں نے دستبردار ہونے کے اعلانات بھی کئے اور اسی طرح مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور کارکنوں سمیت مختلف علاقوں میں منعقدہ اجتماعات میں لوگوں کی بڑی تعداد نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ حق پرست امیدواران کے ناموں، تصاویر اور حلقہ انتخاب کے پمفلٹ عوام میں تقسیم کئے گئے جبکہ ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں درجنوں مفت طبی کیمپوں کا انعقاد کیا جن سے ہزاروں مریضوں نے استفادہ کیا۔ انتخابی مہم کے سلسلے میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت اور اسکردو میں دو بڑے انتخابی جلسوں سے خطاب کیا جن میں ہزاروں کی تعداد میں عوام نے شرکت کی۔ انتخابی جلسوں میں عوامی جوش و خروش قابل دید تھا وہ مقامی زبان میں ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے اور تنظیمی ترانوں کی دھنوں پر والہانہ رقص کررہے تھے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران کی انتخابی اور عوامی رابطہ مہم کا گلگت بلتستان کے عوام نے زبردست خیر مقدم کیا، کارنر میٹنگوں، ریلیوں اور جلسوں میں شرکت کرکے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرانے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ واضح رہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے 12 نومبر کو ہونے والے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں 20 حلقہ انتخاب پر حق پرست امیدواروں کو نامزد کیا ہے جن میں GBLA-19 کی نشست پر نامزد حق

پرست امیدوار شیر بہادر ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے جس کے باعث اس حلقہ میں انتخابی عمل ملتوی کر دیا گیا ہے۔

## حق پرست عوام وکارکنان اکبر علی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔10، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایکسپریس نیوز چینل کے سینئر رپورٹر اکبر علی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام وکارکنان خصوصاً ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اکبر علی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعائیں کریں۔واضح رہے کہ ایکسپریس نیوز چینل کے رپورٹر اکبر علی ان دنوں ڈینگی وائرس کا شکار ہیں اورمقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## متحدہ گلگت بلتستان میں حیران کن انتخابی نتائج حاصل کرے گی، بابر غوری

### ایم کیوایم کے دفاتر، جلسوں اورجلوسوں میں عوام کا جم غفیر رہتا ہے، پہلے سے موجود جماعتوں کوزیادہ کام کرنا پڑرہا ہے

### مقامی لوگوں نے متحدہ کے وزراء اورمنتخب نمائندوں کواپنے جیسے عام لوگ محسوس کرکے بخوشی قبول کرلیا، ٹی وی چینل پر گفتگو

کراچی۔۔۔10، نومبر 2009ء

وفاقی وزیر جہاز رانی وبندرگاہ سینیٹر بابر غوری نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ گلگت بلتستان کے انتخابات میں حیران کن نتائج حاصل کرے گی۔انہوں نے ایک نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کے دوران کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے گلگت بلتستان میں چند ماہ قبل ہی کام کا آغاز کیا ہے تاہم یہاں کے عوام متحدہ کی جس طرح پرجوش انداز میں حمایت کررہے ہیں ہمارے لئے بھی ایک خوشگوار حیرت کی بات ہے۔گلگت بلتستان میں تمام جماعتیں بہت پہلے سے کام کررہی ہیں تاہم متحدہ کے آنے سے یہاں کا سیاسی درجہ حرارت بڑھ گیا ہے اور یہاں موجود سیاسی ومذہبی جماعتوں کو پہلے سے زیادہ کام کرنا پڑھ رہا ہے، یہ جماعتیں گلگت بلتستان کے عوام سے ان کے مسائل ان کی امنگوں کے مطابق حل کرنے کے وعدے بھی کررہی ہیں جو یقیناً ہماری جیت ہے، یہ بھی ہمارا ایک اہم کارنامہ ہے کہ ہم نے دوسری پارٹیوں کو گلگت بلتستان کی ترقی اورعوام کی مسائل کے حل کیلئے کام کرنے پر مجبور کردیا ہے۔سینیٹر بابر غوری نے کہا کہ گلگت بلتستان کے تمام علاقوں میں ایم کیوایم کے دفاتر، جلسوں اورجلوسوں میں عوام کا جم غفیر نظر آتا ہے جو ہماری مقبولیت کا ثبوت ہے۔ہمارے دفاتر، جلسوں اورجلوسوں میں آنے والوں میں کوئی وڈیرہ، جاگیردار نہیں بلکہ مڈل کلاس اورغریب طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام ہوتے ہیں، قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ بھی ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کوان کے جائز حقوق دلانا اوران کے حقیقی نمائندوں کو اقتدار کے ایوانوں میں لے جانا ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم پورے پاکستان میں کام کرنا چاہتے ہیں، جب گلگت بلتستان میں الیکشن کا اعلان ہوا تو متحدہ نے یہاں کے لوگوں سے رابطہ کیا اوراس علاقے کے عوام نے خود بھی متحدہ سے رابطہ کیا، جب متحدہ کے وزراء، سینیٹرز، اراکین اسمبلی اوردیگر منتخب نمائندے گلگت بلتستان گئے تو انہوں نے عوام پر بہت اچھا تاثر چھوڑا اورمقامی لوگوں کو محسوس ہوا کہ یہ لوگ بھی انہی کی طرح کے عام لوگ ہیں، یہی وجہ ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام نے متحدہ کو بڑی خوش دلی سے قبول کرلیا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ الیکشن کے نتائج کے بعد دیکھنا ہوگا کہ حکومت سازی کیلئے ہم کس جماعت کے ساتھ بیٹھتے ہیں تاہم یہ بات یقینی ہے کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان میں بھی ایک بڑی طاقت بن کر ابھرے گی۔

☆☆☆☆☆